مجلس عاملہ وفاق کے اجلاس کی قراردادیں

مورخہ 17 جنوری 2010ء بمطابق یکم صفر المظفر 1431ھ کو جامعہ فاروقیہ کراچی، فیز II میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کا غیر معمولی اور اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں درج ذیل قراردادیں منظور کی گئیں:

1- اسلام امن وسلامتی کا داعی اور دینی مدارس اسلام کے خوب صورت چہرے کے عکاس ہیں، لاقانونیت، بدامنی، دہشت گردی کی نسبت اسلام اور دینی مدارس کی طرف کرنا تاریخ کا سب سے بڑا جھوٹ ہے، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس اسلام اور دینی مدارس، راسخ العقیدہ علمائے کرام، طلباء عظام اور صالح مسلمانوں کے خلاف جاری معاندانہ اقدامات اور بے بنیاد پروپیگنڈہ کو یہود ونصاریٰ، بالخصوص صہیونی پروپیگنڈے کا حصہ قرار دیتے ہوئے مسترد کرتا ہے اور واضح کرتا ہے کہ اسلام نہ صرف تمام مسلمانوں بلکہ ایک مسلم اسٹیٹ میں پرامن غیر مسلموں کے حقوق کا بھی تحفظ کرتا ہے اور کسی حیوان کو بھی اذیت دینے اور درخت تک کو کاٹنے سے منع کرتا ہے۔

2- وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ، پاکستان کے دارالحکومت، صوبائی ہیڈکوارٹر سمیت مختلف علاقوں میں دینی مدارس کے مبینہ محاصروں، بے بنیاد پروپیگنڈوں، بے گناہ علماء وطلباء مدارس کو محض دینی نسبت کی بناء پر ہراساں کرنے اور مدارس کے خلاف میڈیا ٹرائل کرنے کو مملکت پاکستان کو مغرب پالیسی کے مطابق لادین ریاست بنانے کی مہم کا حصہ قرار دیتے ہوئے تمام دینی قوتوں سے اتحاد واتفاق کے ساتھ ان سازشوں کا مقابلہ کرنے، تصادم اور ٹکراؤ سے اجتناب کرتے ہوئے حکمت ودانش سے ان حالات سے عہدہ برآ ہونے کی اپیل کرتا ہے، نیز ارباب مدارس سے گزارش ہے کہ دینی ذوق کے حامل اور دینی مدارس کے موافق احباب سے رابطوں کا اہتمام کرنے اور انہیں موجودہ حالات میں دشمن کی طرف سے کی جانے والی سازشوں سے باخبر کرتے ہوئے اپنا ہم نوا بنانے کی بھی درخواست کرتا ہے، نیز یہ اجلاس مالاکنڈ، سوات فاٹا کے تمام منہدم مدارس کی تعمیر نو، سیکورٹی فورسز کے زیر قبضہ مدارس کو آزاد، گرفتار طلباء واساتذہ کو فوری رہا کرنے، اور پہلے سے قائم مدارس میں دوبارہ تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔

3-وفاق کی مجلس عاملہ کا اجلاس پاکستان کے اسلامی تشخص کو ختم کرنے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دستور پاکستان میں ترامیم کے لئے پارلیمنٹ کی آئینی کمیٹی سے اپیل کرتا ہے کہ دستور میں موجود اسلامی دفعات کو کسی صورت میں نہ چھیڑا جائے اور اگر عقیدہ ختم نبوت سمیت ان احکامات کو تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی تو پاکستان کے علمائے کرام اور مسلمان سخت مزاحمت کریں گے۔

4-وفاق کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس سوئیزرلینڈ میں مساجد کے میناروں پر پابندی، فرانس میں حجاب پر پابندی اور امریکا میں مسلمانوں کے برہنہ کرنے کی پالیسی کو امتیازی اور بنیادی انسانی حقوق کے مخالف قرار دے کر شدید مذمت کرتے ہوئے اس پر نظر ثانی کا مطالبہ کرتا ہے۔

5-وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس وطن عزیز میں دہشت گردی کے جملہ واقعات کی شدید مذمت کرتا ہے اور کراچی میں 10 محرم الحرام کو ایک منظم منصوبہ بندی کے تحت کی جانے والی لوٹ مار کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس کی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ اور متاثرین کی بحالی کے لئے ترجیحی اقدامات کا مطالبہ کرتا ہے۔ نیز تمام متاثرین سے اظہار ہمدردی کرتا ہے۔

6-وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کا یہ اہم اجلاس دینی تعلیم کے لئے پاکستان آنے والے غیر ملکی طلباء کے راستہ میں مسلسل رکاوٹوں کو علم دشمنی سے تعبیر کرتے ہوئے دینی تعلیم کے حصول کے لئے آنے والوں کو سہولیات سفر (ویزا) کی فراہمی اور ناروا پابندیوں کو ختم کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔

7-وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کا یہ اجلاس حضرت اقدس مولانا زکریا کے شاگرد رشید حضرت رائے پوری کے خلیفہ مجاز حضرت مولانا عبدالجلیل رائے پوری، امام اہل سنت شیخ الحدیث حضرت مولانا سرفراز خان صفدر رحمہم اللہ تعالیٰ، حضرت قاری عبدالحلیمؒ (والد محترم حضرت مولانا مفتی محمد نعیم بانی جامعہ بنوریہ کراچی) کی رحلت اور حضرت امیر شریعت کے نواسے اور ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے مدیر سید کفیل شاہ بخاری کے بھائی پروفیسر سید ذوالکفل شاہ بخاری کے مکہ مکرمہ میں حادثاتی شہادت پر ان حضرات کی علمی، اصلاحی، تحقیقی اور تعلیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کے ساتھ ساتھ ان سے تعزیت کا بھی اظہار کرتا ہے۔

8-یہ اجلاس استاذ المحدثین حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم کی دینی مدارس، وفاق المدارس کے لئے عظیم خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہے اور پیرانہ سالی کے باوجود وفاق کے لئے بھرپور توجہ اور سرپرستی پر شکریہ کے ساتھ ساتھ ان کی بحالی صحت کیلئے دعا کرتا ہے۔ نیز آج کے اس اجلاس اور کنونشن کے لئے جامعہ فاروقیہ میں بھرپور انتظامات کرنے پر حضرت مولانا ڈاکٹر محمد عادل خان کی انتظامی صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

9- مدارس دینیہ کے تحفظ کیلئے صدر وفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب اور ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری اور دیگر قائدین پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتا ہے۔